© rasailojaraid.com

# اهم فیصلے

## (۶) متوسطہ سالِ سوم کے لازمی مضامین

۱۴۲۸ھ سے متوسطہ سالِ سوم کے امتحان میں کامیابی کے لئے درج ذیل اسباق میں پاس ہونا ضروری ہے:

قرآن مجید (ناظرہ)، اُردو، انگریزی، ریاضی۔

## (۷) سند میں تبدیلی کرنے والوں کی سند منسوخ

اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اگر کوئی طالب علم ازخود اپنی سند میں کسی قسم کا ردوبدل کرے گا یا کچھ لکھے گا تو ''وفاق'' اس کی تمام اسناد منسوخ کردے گا۔

## (۸) اسناد پر سنین کا اندراج

بعض قانونی تقاضے پورے کرنے کے لئے آئندہ ''وفاق'' ضمنی امتحان پاس کرنے والوں کی سند پر جس سال شریکِ امتحان ہوا وہ بھی درج کرے گا اور جس سال کامیاب ہوا وہ سال بھی درج کرے گا۔

## (۹) تخصصات کے نصاب پر غور وخوض

وفاق کی مجلس عاملہ نے فیصلہ کیا تھا کہ ''وفاق'' مختلف تخصصات کا نصاب مرتب کر کے مدارس کو مطلع کرے گا اور آئندہ تخصصات کا امتحان بھی ''وفاق'' لے گا۔ اب تک حضرت مولانا نصیب علی شاہ صاحب نے ''تخصص فی الفقہ'' کا نصاب مرتب کر کے بھجوایا ہے جس کی کاپیاں مزید غور وفکر کے لئے ارکانِ عاملہ کو مہیا کی جارہی ہیں۔ ان کی آراء کے بعد اسے حتمی شکل دے دی جائے گی۔

## (۱۰) بیرونِ ممالک مدارس کا الحاق

مولانا عبدالوحید صاحب نے مدینہ منورہ سے ''وفاق المدارس'' کے ساتھ اپنے مدرسہ کے الحاق کی درخواست دی ہے، اس کے لئے مجلسِ عاملہ کے تین ارکان مدرسہ مذکورہ کا معائنہ کریں گے اور نصاب ونظامِ تعلیم کے بارے میں اپنی رپورٹ عاملہ میں پیش کریں گے۔

## (۱۱) نسواں بل کا استرداد

وفاق نام نہاد ''تحفظ حقوقِ نسواں بل'' کو قرآن وسنّت کے منافی قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اسے سیاسی مسئلہ نہ بنائے اور دستورِ پاکستان کے مطابق مُلک میں قرآن وسنّت کے خلاف کوئی قانون سازی نہ کرے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# داخلہ فیس، سالانہ فیس، الحاق فیس کی نئی شرح

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ وشوریٰ نے اپنے اجلاس مورخہ 7-6 ذیعقدہ 1427ھ بمطابق 29-28 نومبر 2006ء منعقدہ دفتر وفاق المدارس ملتان میں داخلہ فیسوں میں 50% اضافہ کی منظوری دی۔

جس کا اطلاق یکم محرم الحرام 1428ھ سے ہوگا۔ نئی فیس کی شرح درج ذیل ہے۔

| درجہ | داخلہ فیس | سالانہ فیس | الحاق فیس |
|---|---|---|---|
| تحفیظ القرآن الکریم | 130 | 500 | 1000 |
| متوسطہ | 135 | 500 | 1000 |
| عامہ | 140 | 800 | 1200 |
| خاصہ | 150 | 800 | 1200 |
| عالیہ | 180 | 1500 | 2000 |
| عالمیہ | 220 | 2000 | 2500 |
| دراسات دینیہ سال اول | 140 | 800 | 1200 |
| دراسات دینیہ سال دوم | 150 | 800 | 1200 |
| دراسات دینیہ سال سوم | 180 | 800 | 1200 |

واضح رہے کہ الحاق فیس پر عمل درآمد 4 ربیع الثانی 1427ھ سے شروع ہو چکا ہے۔

نوٹ: (1) تحتانی اسناد کی فیس فی سند 500 روپیہ ہوگی۔

(2) این او سی فیس 300 روپیہ ہوگی۔

(3) ماہنامہ وفاق المدارس کی سالانہ قیمت 180 روپے ہوگی۔

© rasailojaraid.com